# تعارف وتبصرۂ کتب

## تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

## (۱)

نام کتاب : القرآن الکریم (مع ترجمہ وحواشی)

ضخامت: 800 صفحات' سائز صفحہ: 8/ 36x23 'ہدیہ: 300 روپے

شائع کردہ: ادارہ علم القرآن' بوتل بازار شاہ عالم مارکیٹ لاہور

ملنے کا پتہ: صفہ پبلشرز' 19 ۔اے' ایبٹ روڈ لاہور

قرآن حکیم اللہ تعالیٰ کے آخری نبی حضرت محمد ﷺ پر نازل ہونے والی آخری آسمانی کتاب ہے جو قیامت تک کے لئے بنی نوع انسان کی رہنمائی اور رشد و ہدایت کا سرچشمہ ہے۔ یہ ایک آفاقی پیغام ہے جس نے انسانی تاریخ کا سب سے بڑا انقلاب برپا کیا۔ اللہ تعالیٰ نے خود اسے ھُدًی لِّلنَّاس قرار دیا۔ مسلمانوں پر قرآن مجید کے بہت سے حقوق واجب الادا ہیں' مثلاً اس کو پڑھنا' اس کو سمجھنا' اس پر غور و فکر کرنا' اس پر عمل کرنا اور پھر اس آفاقی پیغامِ رشد و ہدایت کو دوسروں تک پہنچانا' تا کہ اللہ کا دین پوری دنیا میں پھیل جائے اور اسلام کا غلبہ ہو۔ یہی منشائے الٰہی ہے۔ اس کو سمجھنے اور دوسروں کو سمجھانے کے لئے دنیا کی مختلف زبانوں میں اس کے تراجم کئے گئے۔ قرآن فہمی کی اہمیت کے پیشِ نظر پچاس سے زیادہ زبانوں میں اس کے تراجم و تفاسیر موجود ہیں۔ برعظیم پاک و ہند میں بھی علمائے کرام اور مفسرین عِظام نے اپنے اپنے زمانے میں اس کے تراجم و تفاسیر کے باب میں گراں قدر خدمات انجام دی ہیں۔ بعض علماء نے آزاد ترجمانی کا اسلوب اختیار کیا تو بعض نے محض عربی الفاظ کا اردو متبادل مہیا کرنے پر اکتفا کیا اور مفہوم اخذ کرنے اور معانی کی گہرائی تک پہنچنے کی ذمہ داری قاری